# فاف ڈوپلیسی پہلی مرتبہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کا حصہ بنیں گے

- ایڈیشن فائیو کے بقیہ چار میچز میں 21 غیر ملکی کھلاڑی شرکت کریں گے
- ان اکیس کھلاڑیوں میں جنوبی افریقہ کے 7، انگلینڈ کے 6، ویسٹ انڈیز کے 4، بنگلہ دیش کے 2 جبکہ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے ایک ایک کھلاڑی شامل
- ایونٹ کے پلے آف میچز 14، 15 اور 17 نومبر کو کراچی میں کھیلے جائیں گے

**لاہور، 2 نومبر 2020ء:**

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے پانچویں ایڈیشن کے بقیہ چار میچز میں کُل 21 غیر ملکی کھلاڑی شرکت کریں گے، جہاں جنوبی افریقہ کے 7، انگلینڈ کے 6، ویسٹ انڈیز کے 4، بنگلہ دیش کے 2 جبکہ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے ایک ایک کھلاڑی شامل ہیں۔

ان اکیس کھلاڑیوں میں جنوبی افریقہ کے فاف ڈوپلیسی کا نام سب سے نمایاں ہے، جو پہلی مرتبہ ایچ بی ایل پی ایس ایل میں شرکت کریں گے۔ ایونٹ کے پلے آف میچز 14، 15 اور 17 نومبر کو کراچی میں کھیلے جائیں گے۔ ڈوپلیسی 255 انٹرنیشنل میچوں میں جنوبی افریقہ کی نمائندگی کرچکے ہیں۔

فاف ڈوپلیسی نے اس سے قبل 2017 میں آئی سی سی ورلڈ الیون ٹیم کے کپتان کی حیثیت سے پاکستان کا دورہ کیا تھا۔ وہ اب اس ایونٹ میں پشاور زلمی کی نمائندگی کریں گے۔ انہیں نیشنل ڈیوٹی پر مصروف ویسٹ انڈیز کے کیرون پولارڈ کی جگہ اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔

ان کے علاوہ جنوبی افریقہ سے تعلق رکھنے والے کیمرون ڈیلپورٹ (کراچی کنگز)، ڈین ویلاز، ڈیوڈ ویزے (لاہور قلندرز)، رائیلی روسو، عمران طاہر (ملتان سلطانز) اور ہارڈس ویلیجوئن (پشاور زلمی) بھی لیگ کے بقیہ میچوں میں ایکشن میں نظر آئیں گے۔

ایلکس ہیلز (کراچی کنگز) اور جیمز ونس (ملتان سلطان) سمیت انگلینڈ کے چھ کرکٹرز نے بھی لیگ کے بقیہ میچوں میں شرکت کے لیے آمادگی ظاہر کردی ہے۔ دیگر انگلش کرکٹرز میں سمت پٹیل (لاہور قلندرز)، ایڈم لیتھ، روی بوپارہ (ملتان سلطانز) اور لیام لیونگ اسٹون (پشاور زلمی) شامل ہیں۔

ویسٹ انڈیز کے چیڈوک والٹن اور روتھر فورڈ ان میچز میں کراچی کنگز جبکہ کارلوس بریتھ ویٹ اور ڈیرن سیمی پشاور زلمی کی نمائندگی کریں گے۔ روتھر فورڈ کو کرس جارڈن کی جگہ اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔

بنگلہ دیش کے تمیم اقبال (لاہور قلندرز) اور محمود اللہ (ملتان سلطانز) جبکہ آسٹریلیا کے بین ڈنک (لاہور قلندرز) اور نیوزی لینڈ کے مچل میکلینگھن (کراچی کنگز) بھی ان بقیہ میچوں میں شرکت کریں گے۔

**اسکواڈز:**

کراچی کنگز (5 غیر ملکی کھلاڑی)۔ عامر یامین، ایلکس ہیلز (انگلینڈ)، ارشد اقبال، اویس ضیاء، بابر اعظم، کیمرون ڈیلپورٹ (جنوبی افریقہ)، چیڈوک والٹن (ویسٹ انڈیز)، افتخار احمد، عماد وسیم، مچل میک میکلینگھن (نیوزی لینڈ)، محمد عامر، محمد رضوان، شرجیل خان، روتھر فورڈ (ویسٹ انڈیز)، عمید آصف، عمر خان، اسامہ میر اور وقاص مقصود

لاہور قلندرز (5 غیر ملکی کھلاڑی)۔ عابد علی، آغا سلمان، بین ڈنک (آسٹریلیا)، ڈین ویلاز (جنوبی افریقہ)، ڈیوڈ ویزے (جنوبی افریقہ)، دلبر حسین، فخر زمان، فرزان راجہ، حارث رؤف، جاہد علی، معاذ خان، محمد فیضان، محمد حفیظ، سمت پٹیل (انگلینڈ)، شاہین شاہ آفریدی، سہیل اختر، تمیم اقبال (بنگلہ دیش) اور عثمان شنواری

ملتان سلطانز(6 غیر ملکی کھلاڑی)۔ ایڈم لیتھ (انگلینڈ)، علی شفیق، بلاول بھٹی، عمران طاہر (جنوبی افریقہ)، جیمز ونس (انگلینڈ)، جنید خان، خوشدل شاہ، محمود اللہ (بنگلہ دیش)، محمد الیاس، محمد عرفان، روی بوپارہ (انگلینڈ)، رائیلی روسو (جنوبی افریقہ)، روحیل نذیر، شان مسعود، شاہد آفریدی، سہیل تنویر، عثمان قادر اور ذیشان اشرف

پشاور زلمی (5 غیر ملکی کھلاڑی)۔ عامر علی، عادل امین، کارلوس بریتھ ویٹ (ویسٹ انڈیز)، ڈیرن سیمی (ویسٹ انڈیز)، فاف ڈو پلیسی (جنوبی افریقہ)، حیدر علی، ہارڈس ویلجوئین (جنوبی افریقہ)، حسن علی، امام الحق، کامران اکمل، خرم شہزاد، لیام لیونگ اسٹون (انگلینڈ) ، محمد محسن، راحت علی، شعیب ملک، عمر امین، وہاب ریاض اور یاسر شاہ

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

**HELP PREVENT CORONAVIRUS**

WASH HANDS
USE SOAP
KEEP THE DISTANCE
AVOID CROWDS
WEAR MASK
COUGH IN THE ELBOW
KEEP HYDRATED
STAY AT HOME

Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4